انبیاء سے گناہ کا صدور ہو سکتا ہے

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا کسی نبی سے گناہ کا صدور ہوسکتاہے اور کیا نبی بھول کر گناہ کرسکتا ہے اس حوالے سے سنی عقیدہ کیا ہے ؟

سائل:نعمان (انگلینڈ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

انبیا ء کرام علیہم السلام ہرطرح کے گناہ سے معصوم ہیں۔ اس بارے میں ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ نبوت سے پہلے یا نبوت ملنے کے بعد انبیاء کرام علیہم السلام سے کسی قسم کا گناہ(کبیرہ ہو یا صغیرہ) کا صدور نہیں ہوسکتا ہے ۔

جیساکہ میرے امام ابوحنیفہ علیہ الرحمۃ اپنی کتاب فقہ اکبر میں فرماتے ہیں ۔**"والأنبياء عَلَيْهِم الصَّلَاة وَالسَّلَام كلهم منزهون عَن الصَّغَائِر والكبائر وَالْكفْر والقبائح"**انبیاء کرام علیہم السلام سب کے سب صغیرہ وکبیرہ گناہوں اور کفر وقبائح سے پاک ہیں۔

(الفقہ الاکبر ص 2)

اوراسی طرح عقائد واعمال پر بہت معتبر کتاب الحدیقۃ الندیہ شرح الطریقۃ المحمدیۃ میں ہے: "(وہم) أي: الأنبياء والرسل عليهم السلام كلہم (مبرؤون عن الكفر) باللہ تعالی (و)عن (الكذب مطلقاً)، أي: قبل النبوة وبعدہا العمد من ذلک والسہو والكذب على اللہ تعالى وعلى غيره في الأمور الشرعية والعادية، (و) مبرؤون (عن الكبائر) من الذنوب (و)عن (الصغائر) منہا أيضاً"

(''الحدیقۃ الندیۃ'' علی ''الطریقۃ المحمدیۃ''، ج1 ص288)

اور بہارشریعت میں ہے کہ انبیا علیہم السلام شرک و کفر اور ہرایسے امر سے جو خلق کے لیے باعثِ نفرت ہو، جیسے کذب و خیانت و جہل وغیرہا صفاتِ ذمیمہ سے، نیز ایسے افعال سے جو وجاہت اور مُروّت کے خلاف ہیں قبلِ نبوت اور بعد ِنبوت بالاجماع معصوم ہیں اور کبائر سے بھی مطلقاً معصوم ہیں اور حق یہ ہے کہ تعمّدِ صغائر(جان بوجھ کر صغیرہ گناہ کرنے) سے بھی قبلِ نبوّت اور بعدِ نبوّت معصوم ہیں۔

(بہارشریعت ج 1 ص 39)

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date:17 -01-2019

Can Prophets commit sins?

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: Is it possible for a Prophet to sin, and can a Prophet forgetfully perpetrate a sin - what is the Sunnī belief regarding this?

Questioner: Numan from England

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِكِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

The Noble Prophets, upon whom be peace, are free from all forms of sin. Our belief regarding this is that it is not possible for any among the Noble Prophets, upon whom be peace, to commit a sin (be it minor or major), either before Prophethood or after.

Just as our beloved, dear & respected Imām Abū Hanīfah, upon whom be countless mercies, states in his Fiqh Akbar,

"والأنبياء عَلَيْهِم الصَّلَاة وَالسَّلَام كلهم منزهون عَن الصَّغَائِر والكبائر وَالْكفْر والقبائح"

“Each and every single of the Noble Prophets, upon whom be peace, is free from minor & major sins, disbelief and evil traits.”

[al-Fiqh al-Akbar, pg 2]

Likewise, it is stated in a greatly credible book on the topic of beliefs & deeds - al-Hadīqah al-Nadiyyah sharh al-Tarīqah al-Muhammadiyyah,

"(وہم) أي: الأنبياء والرسل عليهم السلام كلهم (مبرؤون عن الكفر) بالله تعالى (و)عن (الكذب مطلقاً)، أي: قبل النبوة وبعدها العمد من ذلک والسہو والكذب على الله تعالى وعلى غيره في الأمور الشرعية والعادية، (و) مبرؤون (عن الكبائر) من الذنوب (و)عن (الصغائر) منها أيضاً"

[al-Hadīqah al-Nadiyyah ‘alā al-Tarīqah al-Muhammadiyyah, vol 1, pg 288]

Furthermore, it is stated in Bahār-e-Sharī’at that the Prophets, upon whom be peace, are free from polytheism, committing disbelief, and all such disreputable and vile practices, and qualities which are the cause of disgust by people; such as lying & deceit, breach of trust, ignorance and all other undesirable traits.

They are also free from all such actions that are contrary to the traits of dignity, politeness and courtesy. It is unanimously accepted that they are free from all of these (and like matters) even before and after having been bestowed with Prophethood. They are also absolutely free from committing major sins. The reality is that they are free from even intending to commit even minor sins, both before and after being bestowed with Prophethood.

[Bahār-e-Sharī’at, vol 1, pg 39]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri
Translated by Haider Ali